چھٹا یوتھ پارلیمنٹ پاکستان 2014

آرڈر آف دی ڈے

منعقد اجلاس یوتھ پارلیمنٹ پاکستان مورخہ 26 اکتوبر 2014 بروز اتوار، بوقت 09:00 بجے کے لئے،

1: تلاوت قرآن پاک

توجہ دلاؤ نوٹس

2: **محترمہ شازیہ بتول ہزارہ**(YP06BALOCHISTAN04)

جناب عجب خان(YP03BALOCHISTAN01)

جناب عصمت اللہ عصمی(YP04-BALOCHISTAN02)اور

جناب سید تصور کاظمی(YP04-BALOCHISTAN02) معزز یوتھ وزیر برائے قومی سلامتی کی توجہ 23 اکتوبر 2014 کو کوئٹہ میں ہونے والے المناک واقع کی طرف دلانا چاہتے ہیں جس میں 9 معصوم پھل فروش ہزارہ بچوں کو ایک بس میں گولی مار کر ہلاک کیا گیا تھا۔ بلوچستان میں فرقہ وارانہ تشدد کے نتیجے قیمتی جانوں کے کھو جانے کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے۔ ان شرمناک حملوں کے سلسلے نے پچھلے 15 سال سے ہزارہ لوگوں کی زندگیوں کو بہت پریشان کر رکھا ہے۔ بلوچستان میں شیعہ ہزارہ عوام کی نسل کشی کو روکنے کیلئے فوری طور پر سخت اقدامات کئے جانے چاہئے۔"

قراردادیں

3: **جناب جاوید علی منوہ** (YP09-GB01)اور

جناب سید تصور کاظمی (YP10-GB02)ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"یہ ایوان سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی گلگت بلتستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا نوٹس لینے اور خصوصی حوالے کے ساتھ گلگت بلتستان کے عوام کی آئینی محرومی کے بارے میں مخلصانہ کوششوں کی تعریف کرتی ہے اور اس کو سراہتی ہے۔ یہ ایوان گلگت بلتستان کے عوام کی جانب سے چیئرمین، افراسیاب خٹک، اور کمیٹی کے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہے اور آزادی کے 67 سال کے بعد گلگت بلتستان کے عوام کو آئینی حقوق سے انکار کے حساس معاملے پر سینٹ کمیٹی کو اپنی مکمل حمایت اور تعاون کا اظہار کرتا ہے۔"

:4 **جناب سنیل پروانی** (YP59-SINDH12)اور

جناب علی شان خان(YP13-KP09)ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"PMDC کی طرف سے میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں خواتین کیلئے 50 فیصد نشستیں الاٹ کرنے کا فیصلہ میرٹ کی توہین اور خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک ہے، یہ ایوان تجویز دیتی ہے کہ حکومت بجائے کوٹہ سسٹم اپنانے کہ یہ یقینی بنائے کہ تمام میڈیکل کالج کے طلباء تعلیم کیلئے کام کریں۔"

:5 **جناب صفی حسام** (YP41-PUNJAB22) ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہے:

"اس ایوان کا نقطہ نظر ہے کہ پاکستان ریلوے کو مسافر ٹرینوں میں جی پی ایس آلات کو نصب کرنا چاہئے اور ابتدائی طور پر کراچی، کوئٹہ، لاہور، راولپنڈی اور پشاور سمیت پانچ ریلوے سٹیشنوں میں سکرینوں کو نصب کرنا چاہئے۔ یہ سکرینیں اصل وقت میں ٹرینوں کی آمدورفت اور روانگی کے اوقات کو ظاہر کریں گی۔ سکرینوں کی تنصیب کے ساتھ یہ اوقات موبائل کی ایپلیکشنز اور انٹرنیٹ پر بھی دستیاب کی جائے۔

اس معاملے پر ریلوے اہلکاروں کے ساتھ تبادلہ خیال کیا گیا ہے اور اس کی انتہائی تعریف کی گئی۔ ایک بہت معمولی سرمایہ کاری کے نتیجے میں ملک بھر کے عام عوام کیلئے ایک عظیم خدمت اور بنیادی حق کی فراہمی ممکن ہو گی۔ اس کے علاوہ یہ پاکستان ریلوے کی آمدنی میں کئی گنا اضافہ کا سبب بھی بنے گا۔"

قائمہ کمیٹی کی رپورٹیں

5: قائمہ کمیٹی برائے خزانہ، اقتصادی امور اور منصوبہ بندی "**پاکستان میں ٹیکس اصلاحات**" پر رپورٹ پیش کرنا چاہتی ہے۔

6: قائمہ کمیٹی برائے قومی سلامتی "**قومی داخلی سلامتی پالیسی**" پر رپورٹ پیش کرنا چاہتی ہے۔

7: قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور "**پاکستان کی انڈیا کے ساتھ تجارتی تعلقات: این ڈی ایم اے چیلنجز، اگلا راستہ اور مضمرات**" پر رپورٹ پیش کرنا چاہتی ہے۔